www.wilayattimes.com
اشاعت کا دوسرا سال

ہفت روزہ
WILAYAT TIMES
ولایت ٹائمز
سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:3 ☆ شمارہ نمبر:20 ☆ تاریخ:21 اگست تا 27 اگست 2017ء بمطابق 28 ذوالقعدۃ تا 3 ذوالحجۃ 1438ھ ☆ صفحات:8



عظیم خاتون کا پیغام ۵

خون دیکر جان بچانا عبادت ۴

قتل کی دھمکی ۵

www.wilayattimes.com

شہید و شہادت

> اسلامی فقه میں شهید سے مراد وه شخص هے جو الله کی راه میں جان دے مثلا اپنے وطن کی حفاظت یا اپنے مذهب کی حفاظت کیلئے جنگ لڑتے هوئے جان دے. اسلام میں شهید کا مرتبه بهت بلند هے اور قرآن کے مطابق شهید مرتے نهیں بلکه زنده هیں اور الله ان کو رزق بهی دیتا هے مگر هم اسکا شعور نهیں رکھتے

امتیاز علی حسینی (ماگام کشمیر)

شہید کے لغوی معنی ہیں "گواہ" یعنی کسی کام کا مشاہدہ کرنے والا، اور شریعت میں اس کا مفہوم۔۔۔اللہ تعالی کے دین کی خدمت کرتے ہوئے اپنی جان قربان کرنے والا، میدان جہاد میں لڑتے ہوئے یا جہاد کی راہ میں گامزن، یا دین کی تبلیغ ودعوت میں جان دینے والا۔
اسلامی فقہ میں شہید سے مراد وہ شخص ہے جو اللہ کی راہ میں جان دے مثلا اپنے وطن کی حفاظت یا اپنے مذہب کی حفاظت کیلئے جنگ لڑتے ہوئے جان دے۔ اسلام میں شہید کا مرتبہ بہت بلند ہے اور قرآن کے مطابق شہید مرتے نہیں بلکہ زندہ ہیں اور اللہ ان کو رزق بھی دیتا ہے مگر ہم اسکا شعور نہیں رکھتے۔۔۔

شہادت کی قسمیں:

1۔ شہید المعرکہ (میدان جہاد میں جان دینے والا): یعنی اللہ کیلئے نیک نیتی سے میدان جہاد میں کافروں، مشرقوں کے ساتھ لڑتے ہوئے قتل ہونے والا۔۔۔
2۔ فی حکم شہید (شہادت کی موت کا درجہ پانے والا): یعنی میدان جہاد کے علاوہ ایسی موت پانے والا جسے شہادت کی موت قرار دیا گیا۔

آخری رسول حضرت محمد مصطفیٰ (ص) کی امت پر اللہ تعالی کی خصوصی رحمتوں میں سے ایک رحمت یہ بھی ہے کہ سابقہ امتوں کے شہیدوں کی طرح امت محمدیہ میں درجہ شہادت پر صرف اللہ کی راہ میں لڑتے ہوئے قتل ہونے والوں تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ دوسروں کو بھی اس درجہ پر فائز ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔

جیسا کہ پہلے عرض کر چکے ہیں کہ شہید کے معنی گواہ اور حاضر ہونے کے ہیں اور اس کے مختلف درجات ہوتے ہیں، اس ترتیب سے خداوند متعال، انبیاء، راہ خدا میں قتل ہونے والے افراد اور تمام مومنین، شہادت کے مختلف درجات میں قرار پاتے ہیں۔ لیکن لفظ مقدس "شہید" کو ان تمام افراد کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے جو اہداف الہی کے بغیر صرف اپنے ملک کے دفاع یا بے اختیار اور بلاوجہ قتل کئے گئے ہوں۔ شہداء کی درجہ بندی میں تفاوت کا معیار، مشکلات برداشت کرنا وغیرہ جیسے اہم تر عوامل اس سلسلے میں موثر ہو سکتے ہیں اس بنا پر خداوند متعال ہر شہید کو اس کی شہادت کے زمانے سے صرف نظر کرتے ہوئے مناسب اجر و جزا دیگا۔

میرے ذہن میں شہید سے متعلق کچھ سوالات ہیں جن پر تفصیل سے بحث ہوگی:
پہلا سوال: اسلام کی لغت میں لفظ "شہید" کے کیا معنی ہیں؟
دوسرا سوال: اسلامی تعلیمات کے مطابق کن مقتولین کو شہید کہا جا سکتا ہے اور کیا بنیادی طور پر بے گناہ قتل کیا جانے والا ہر فرد شہید ہے؟

پہلے حصہ کے بارے میں قابل بیان ہے کہ لفظ "شہید" مادہ "شہد" سے استخراج کیا گیا ہے، اور اس کے مختلف معانی ہیں جیسے "گواہ"، "حاضر" اور وہ شخص جس کے علم کے دائرے سے کوئی خارج نہ ہو وغیرہ۔۔
ظاہر ہے کہ صرف خداوند متعال ہی ہے جو پہلے مرحلے میں اور ذاتی طور پر ان خصوصیات کا مالک ہو سکتا ہے اور اسی وجہ سے قرآن مجید کی بہت سی آیات میں لفظ "شہید" خداوند متعال کی صفات میں سے ایک صفت کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔
البتہ بعد والے مراحل میں شہید کے عنوان کے دائرے میں انبیاء علیہم السلام ملائکہ اور یہاں تک کہ جن گواہوں کو شاہد کے طور پر ذکر کیا جاتا ہے بھی آتے ہیں۔ اسلئے نتیجہ حاصل کیا جا سکتا ہے کہ ہر وہ شخص شہید ہے جو دوسروں کی بہ نسبت زیادہ آگاہی رکھتا ہو اور اس عنوان کو بہت سارے لوگوں کے بارے میں استعمال کیا جا سکتا ہے، البتہ اس کے درجات مختلف ہیں جیسے لفظ "نور" کے درجات مختلف ہیں اسے خداوند متعال کی ذات کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور اسے چاند اور سورج کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے، حتیٰ کہ اسے شمع کی معمولی روشنی کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔۔۔ یہ کہاں اور وہ کہاں۔۔۔ لفظ شہید کا استعمال بھی اسی ترتیب سے قابل بحث ہے۔۔۔

یہ بات بھی دلچسپ ہے کہ قرآن مجید میں پائے جانے والے لفظ "شہید" کے 160 مشتقات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ایک مورد بھی ایسا نہیں ہے جو واضح طور پر راہ خدا میں قتل ہوئے مجاہدین کیلئے استعمال کیا گیا ہو، بلکہ اس قسم کے افراد کے بارے میں قرآن مجید میں مختلف عناوین سے یاد کیا گیا ہے جو عام طور پر مادہ "قتل" سے تعلق رکھتے ہیں۔ لیکن پیغمبر اکرم (ص) کی زندگی میں اور آپ (ص) کی حیات کے بعد راہ خدا میں قتل ہونے والوں کیلئے "شہید" کا لفظ کافی استعمال ہوتا تھا اور تقریبا اس لفظ کا استعمال ایک طرح سے ان ہی افراد سے مخصوص ہو چکا تھا، مثال کے طور پر اگر ایک روایت میں یوں بیان ہوا ہے کہ: حضرت فاطمہ الزہرا (ع) ہر سنیچر کی صبح کو شہداء کی قبور کی زیارت کیلئے جاتی تھیں اور اپنے چچا حضرت حمزہ (ع) کی قبر پر ان کیلئے دعائے مغفرت کرتی تھیں۔ اس روایت میں "شہدا" سے مراد وہی افراد ہیں جو راہ خدا میں قتل کئے گئے ہیں۔ اس کے باوجود اگرچہ یقینا یہ افراد مقام و منزلت کے لحاظ سے دوسرے مسلمانوں کی بہ نسبت بلند مرتبہ پر فائز ہیں اور اسلئے ان کے بارے میں خاص احکام کے طور پر کہا گیا ہے کہ اس قسم کے شہداء کیلئے غسل و کفن کی ضرورت نہیں ہے لیکن پھر بھی ہم "شہید" کے عنوان کو ان ہی تک محدود و مخصوص نہیں جان سکتے ہیں۔ ہمارے پاس دعویٰ کی گواہ کئی روایات بھی ہیں کہ ہم ان میں سے دو روایتوں کی طرف ذیل میں اشارہ کرنے پر اکتفا کرتے ہیں:

پہلی روایت: پیغمبر اکرم (ص) نے ارشاد فرمایا ہے "میری امت میں سے ہر باایمان شخص صدیق اور شہید ہے البتہ خداوند متعال بعض افراد جو تلوار سے قتل کئے گئے ہیں کے بارے میں مخصوص نظر رکھتا ہے۔ اس کے بعد آنحضرت (ص) نے اپنے کلام کی تائید میں سورہ حدید کی آیت 19 کی قرات فرمائی: "اور جو لوگ اللہ اور رسول (ص) پر ایمان لائے وہی خدا کے نزدیک صدیق اور شہید کا درجہ رکھتے ہیں۔"

دوسری روایت: ایک دن امام سجاد (ع) کی خدمت میں شہید اور شہادت کے بارے میں بحث ہوئی اور مختلف افراد نے جو کچھ شہید کے مصداق کے بارے میں سنا تھا اسے بیان کیا، ان میں سے ایک شخص نے اٹھ کر کہا: میری نظر میں صرف وہ شخص شہید شمار ہوتا ہے جو راہ خدا میں قتل ہو جائے۔ رسول اللہ کے چوتھے وصی امام زین العابدین (ع) نے اس شخص کے جواب میں فرمایا کہ اس فریضہ کے مطابق شہدا کی تعداد کافی محدود ہوگی، اس کے بعد امام (ع) نے پھر سے مذکورہ آیہ شریف کی تلاوت فرمائی اور بیان فرمایا کہ ہم اور ہمارے پیروکار اس آیہ شریف کے مصداق ہیں۔

پہلے حصہ کے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اگرچہ لفظ "شہید" راہ خدا میں قتل ہونے والوں کی یاد کو تازہ کرتا ہے اور اسی وجہ سے فقہ میں شہید کیلئے جو بعضی احکام بیان کئے گئے ہیں اس سے مراد یہی گروہ ہے، لیکن اس لفظ کا گروہ سے مخصوص ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کو روایتوں میں اشارہ کئے گئے افراد اور تمام مومنین کیلئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے اور راہ خدا میں قتل ہونے والوں کیلئے ثواب کے بعضی خاص درجات کو مدنظر رکھا جا سکتا ہے۔

سوال کا دوسرا حصہ ان افراد سے متعلق ہے جو کسی بھی وجہ سے قتل کئے گئے ہوں، ان میں سے کن افراد کو شہید کہا جا سکتا ہے؟ اس سلسلے میں یہ بتانا ہے کہ قتل ہونے والے افراد کے مختلف خصوصیات اور محرکات ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر مورد کے بارے میں الگ الگ فیصلہ کرنا چاہئے ان میں سے بعض کی طرف ہم ذیل میں اشارہ کرتے ہیں:

1۔ ایک باایمان شخص صرف خدا کی مرضی حاصل کرنے کیلئے کسی مادی لالچ کے بغیر جہاد کر کے اس کی راہ میں قتل کیا گیا ہو تو اس کے شہید ہونے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے بلکہ وہ شہادت کے بلند ترین مقام پر فائز ہوتا ہے اور اپنے پروردگار سے رزق حاصل کرتا ہے۔

2۔ ایک باایمان شخص اپنے حق، جیسے اپنی جان، مال اور آبرو کو بچانے کیلئے چور اور ڈاکوؤں جیسے ظالموں سے مقابلہ کرتے ہوئے قتل کیا جاتا ہے، اسے بھی شہدا کے نچلے درجہ پر رکھا جا سکتا ہے اگرچہ فرمائش کی گئی ہے کہ مومن کو اپنے معمولی مال کیلئے اپنی جان کو خطرہ میں نہیں ڈالنا چاہئے۔

3۔ اگر کوئی شخص مسلمانوں کے لشکر میں ہو لیکن اس کے حرکات خودنمائی کے ہوں اور وطن پرستی کے مانند الہی نہ ہوں اور وہ جنگ میں شرکت کر کے اس راہ میں قتل کیا جائے تو اس قسم کا شخص نہ صرف شہید شمار نہیں کیا جاتا ہے بلکہ ممکن ہے عذاب الہی سے بھی دوچار ہو جائے۔

4۔ جو افراد کفار کے لشکر میں شریک ہو کر مسلمانوں کے خلاف لڑتے ہوئے قتل ہوتے ہیں ان کے جہنمی ہونے میں بھی نہیں کوئی شک ہے۔

5۔ بہت سے ایسے افراد بھی پائے جاتے ہیں جن کا قتل ہونا فطری موت سے زیادہ فرق نہیں رکھتا ہے اور اگرچہ وہ قتل کئے گئے ہیں لیکن معنوی قدر و منزلت کے لحاظ سے (خواہ مثبت لحاظ سے یا منفی لحاظ سے) ان افراد کے مانند ہیں جو دوسری وجوہات کی بنا پر اپنی جان کو کھو دیتے ہیں من جملہ ان میں مندرجہ ذیل افراد کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے:

الف: وہ مسلمان جو میدان کارزار میں شرکت کئے بغیر ناخواستہ طور پر جنگ کے دوران قتل کئے جاتے ہیں، ان افراد کے مانند ہیں جو شہروں پر بمباری اور میزائیل گرنے کے نتیجہ میں مارے جاتے ہیں۔ یہ افراد اگرچہ قانون کے مطابق شہید شمار کئے جاتے ہیں اور مذکورہ بیان کے مطابق تمام مسلمانوں اور مومنوں کے مانند مقام شہادت پر فائز ہوتے ہیں، لیکن انہیں میدان کارزار میں قتل ہونے والے شہید کا مقام نہیں دیا جا سکتا ہے اور اس قضیہ کی تفصیلات فقہی اور دینی کتابوں میں بیان کی گئی ہیں۔ بہ الفاظ دیگر وہ دوسرے مومنین کے مانند ہیں جو دوسرے حوادث جیسے ٹریفک حوادث، سیلاب اور زلزلہ وغیرہ کی وجہ سے مر جاتے ہیں بیشک ان پر بھی خدا کی رحمت نازل ہوگی۔۔۔

ب:۔ غیر مسلم افراد جو اسی طرح ناخواستہ یا دو طرفہ غیر مسلمین کی جنگ میں بدون محرکات الہی، بلکہ اپنے اور اپنے وطن کے دفاع میں مارے جاتے ہیں، ایسے افراد کیلئے بھی لفظ "شہید" استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے بلکہ زیادہ سے زیادہ وہ قتل کئے جانے کے بارے میں بے گناہ شمار ہوتے ہیں اور بارگاہ الہی میں ان کا مواخذہ نہیں کیا جائے گا، لیکن انہیں اپنے دوسرے رفتار و کردار من جملہ ایمان نہ لانے کے بارے میں جواب دینا ہوگا اور اس لحاظ سے وہ ان کفار کے ساتھ کوئی فرق نہیں رکھتے ہیں جو دوسرے حوادث کے نتیجہ میں مرتے ہیں۔

جواب کے اس حصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ لفظ شہادت کے محقق ہونے کیلئے اہم معیار افراد کا متحرک ہے نہ کہ قتل ہونا۔ جو افراد کسی قسم کے الہی محرک کے بغیر قتل ہوتے ہیں انہیں شہداء میں شامل نہیں کیا جا سکتا ہے اس لحاظ سے ہم دیکھتے ہیں کہ جب قرآن مجید جنگوں میں قتل ہونے والوں کا ذکر کرتا ہے تو اس کے فورا بعد "فی سبیل اللہ" "راہ خدا میں" کی عبارت کو استعمال کرتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا کو صرف وہی محرک پسند ہے کہ انسان خدا کی راہ میں جہاد کرے اور خداوند متعال کے ساتھ معاملہ کرے: "بے شک اللہ نے صاحبان ایمان سے انکے جان و مال کو جنت کے عوض خرید لیا ہے یہ لوگ راہ خدا میں جہاد کرتے ہیں"۔۔

خلاصہ، پل شہادت خداوند متعال تک پہنچنے کیلئے اصلی ترین گذرگاہ ہے اور خدا کے خاص بندہ اس پل کو عبور کر کے ہمیشہ کیلئے جاودان ہو جاتے ہیں۔ شام میں حرم اہلبیت کے دفاع کیلئے گئے شہید محسن حججی ان افراد میں شامل ہوئے جو ہر عمل خدا کی رضا کیلئے انجام دیتے ہیں اور یقینا جوان سال کی شہادت ایک نمونہ ہے کہ باطل کے سامنے سر جھک نہیں سکتا بلکہ بلند ہو کر کٹا سکتے ہیں۔ وہ "**عند ربهم يرزقون**" کے مقام تک پہنچ گئے۔

(ولایت ٹائمز ڈاٹ کام)

آرٹیکل 35اے....

کشمیریوں کی شناخت پر عدالتی یلغار

افتخار گیلانی

دسمبر 2014ء کے انتخابات کے بعد جب جموں وکشمیر میں ایک معلق اسمبلی وجود میں آئی اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی بیساکھی کے سہارے اقتدار میں آئی، تو طے ہوا تھا کہ ہندو قوم پرست بی جے پی بھارتی آئین کی دفعہ 370 کے تحت کشمیر کو دیئے گئے خصوصی اختیارات کو موضوع بحث نہیں لائے گی۔ بظاہر یہ وعدہ ایفا تو ہوا مگر چور دروازے سے بی جے پی کی مربی تنظیم آر ایس ایس سے وابستہ ایک تھنک ٹینک نے سپریم کورٹ میں رٹ دائر کی، جس میں دفعہ 370 کے بدلے دفعہ 35اے کو نشانہ بنایا گیا اور عدالت نے یہ پٹیشن سماعت کے لئے منظور بھی کر لی۔ اب حال ہی میں ایک اسپیشل بینچ قائم کر کے اسکی سماعت جلد ہی شروع کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ اسی دفعہ کے تحت جموں و کشمیر میں غیر ریاستی باشندوں کے نوکری حاصل کرنے، ووٹ دینے اور غیر منقولہ جائیداد خریدنے پر پابندی عائد ہے۔ اگر یہ دفعہ ختم کردی گئی تو اس کے نتائج دفعہ 370 کے خاتمے سے بھی زیادہ خطرناک ہوں گے۔ گو کہ اسی طرح کی شقیں دیگر علاقوں یعنی ناگالینڈ، میزورام، سکم، اروناچل پردیش، آسام، منی پور، آندھرا پردیش اور گوا کو خاص اور منفرد حیثیت عطا کرتی ہیں اور وہاں بھی دیگر بھارتی شہریوں کو غیر منقولہ جائیدادیں خریدنے پر پابندی عائد ہے یا اس کے لئے خصوصی اجازت کی ضرورت ہوتی ہے۔ مگر مسلم دشمنی اور متعصب ذہنیت کے حامل افراد کو بھارتی آئین کی یہ شقیں نظر نہیں آتیں ہیں۔ اور اس پر طرہ یہ کہ بھارتی حکومت جو آئین کی محافظ اور نگران ہے، نے سپریم کورٹ میں آئین کی اس شق کا دفاع کرنے کے بجائے غیر جانبدار رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اگر عدلیہ اس شق کو منسوخ کرتی ہے، تو بھارتی حکومت دنیا کو یہ باور کروائے گی، کہ یہ آزاد عدلیہ کا معاملہ ہے اور حکومت کا اسکے ساتھ کچھ لینا دینا نہیں ہے۔ مگر دہلی کے پاور گلیاروں میں سبھی جانتے ہیں، کہ دو سال تک اس پٹیشن کو التوا میں رکھ کر حکومت جسٹس دیپک مشرا کے چیف جسٹس بننے کا انتظار کر رہی تھی۔ خدشہ تھا، کہ اگر اس پٹیشن کی سماعت اس سے قبل ہوتی، تو حال ہی میں ریٹائرڈ چیف جسٹس، جسٹس ایم کے کیہر اور ان کے پیش رو جسٹس ٹی ایس ٹھاکر اسکو مسترد کر سکتے تھے۔

چند برس قبل دہلی کے کانسٹی ٹیوشن کلب میں ایک مذاکرہ کے دوران موجودہ وزیر خزانہ ارون جیٹلی نے کہا کہ کشمیر کا واحد مسئلہ اسکا مسلم اکثریتی کردار ہے اور بھارتی آئین میں اسکی خصوصی پوزیشن نے اسکو اور بھی پیچیدہ بنایا ہے۔ ان کے مطابق کشمیر کی ترقی میں بھی یہ سب سے بڑی رکاوٹ ہے، کیونکہ بھارت کے دیگر علاقوں کے لوگ وہاں بس نہیں سکتے ہیں، جس کی وجہ سے سرمایہ کاری نہیں ہو سکتی ہے۔

حتیٰ کہ دہائیوں تک کشمیر میں خدمات انجام دینے والے انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس (آئی اے ایس) اور پولیس سروس سے وابستہ غیر ریاستی افراد بھی ریٹائرمنٹ کے بعد باہر زندگی گذارنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ سروس میں رہتے ہوئے بھی خطے کے معاملات سے بیگانے رہتے ہیں۔ بیوروکریٹک سروس اور فوج ہی دو ایسے ادارے ہیں، جو بھارت کو متحد رکھنے اور اسکے مختلف علاقوں کو ایک لڑی میں پرو کر رکھنے میں ریڑھ کی ہڈی کا کام کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر جنوبی صوبہ کیرالا کے کسی نوجوان کو سول سروس کا امتحان پاس کرنے کے بعد جب پنجاب کا کیڈر دیا جاتا ہے، تو باقی زندگی وہ عملاً پنجابی ہی کہلائے گا۔ اکثر اعلیٰ بیوروکریسی میں تعینات یہ نوجوان اپنے پیدائشی صوبہ کو پس پشت ڈال کر شادیاں اور رشتہ داریاں کیڈر والے صوبہ میں ہی کرتے ہیں۔ اور پھر تیس سال سے زائد عرصہ سروس دینے کے بعد اسی صوبہ میں ریٹائرڈ زندگی گذارتے ہیں۔ سابق وزیر اعظم من موہن سنگھ کے پرنسپل سیکرٹری ٹی کے اے نیر اس کی ایک واضح مثال ہیں۔

گو کہ جیٹلی بی جے پی اور آر ایس ایس کے لبرل چہرہ مانے جاتے ہیں، نے سوال کیا، کہ آخر مسلمان جہاں بھی تھوڑی اکثریت میں ہوتے ہیں، وہ اپنی شناخت کیوں الگ رکھنا چاہتے ہیں؟ ان کا مطابق انکی اولین شناخت بھارتیہ ہونا اور اسکے کلچر کو ترجیح دینا ہونا چاہئے۔ گو کہ میں ایک رپورٹر کی حیثیت سے اس مذاکرہ میں سامع تھا، پر میں نے جیٹلی صاحب کو یاد دلایا کہ بھارتی آئین کی جن شقوں سے ان کو پریشانی لاحق ہے، وہ ایک ہندو ڈوگرہ مہاراجہ ہری سنگھ کی دین ہیں۔ جن کو بحال رکھنے کی گارنٹی دیکر 1947ء میں شیخ محمد عبداللہ کو شیشے میں اتارا گیا۔ وادی کشمیر میں پنڈت لیڈر شنکر لال کول اور جموں میں ڈوگرہ سبھا کی ایما پر 1927ء میں مہاراجہ نے یہ قانون نافذ کیا، جس کی رو سے اسکی اجازت کے بغیر کوئی بھی غیر ریاستی شخص ریاستی حکومت میں ملازمت کا حقدار ہوگا نہ ہی غیر منقولہ جائیداد رکھنے کا مجاز ہوگا۔ تاریخ کے اوراق پلٹتے ہوئے میں نے یہ بھی یاد دلانے کی کوشش کی کہ جموں وکشمیر لبریشن فرنٹ یا دیگر آزادی نواز تنظیموں کے منظر عام پر آنے سے بہت پہلے مئی 1947ء میں آر ایس ایس کی ایما پر ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی نے جموں میں بلائے گئے ورکنگ کمیٹی کے ایک اجلاس میں پاس کی گئی قرارداد میں خود مختار ریاست کی حمایت کی تھی۔ اس قرارداد کے بقول ایک ''ہندو اسٹیٹ'' کو سیکولر بھارت کے ساتھ اپنی شناخت ضم نہیں کرنی چاہئے۔ وہ مہاراجہ کو ہندو مفادات کا نگران تصور کرتے تھے۔ یہ پینترے بازیاں شاید اس وجہ سے ہو رہی تھی، کہ ریاست کے پاکستان کے ساتھ الحاق کی صورت میں ہندو آبادی کے حقوق محفوظ کئے جائیں۔ تاریخ کے موڑ نے جب کشمیر کو بھارت کی جھولی میں گرا دیا تو شناخت اور حقوق کے تحفظ کا مسئلہ مسلمانوں کی طرف پلٹ گیا۔

جموں وکشمیر کی مسلم اکثریتی شناخت نہ صرف فرقہ پرستوں بلکہ خود کو سیکولر کہلوانے والی سیاسی جماعتوں کی آنکھوں میں کھٹکتی رہی ہے۔ فروری 2015ء کو جموں میں اپنی رہائش گاہ پر پی ڈی پی کے سرپرست اور سابق وزیر اعلیٰ مرحوم مفتی محمد سعید سے ایک انٹرویو کے دوران میں نے پوچھا تھا کہ کہیں بی جے پی کو اقتدار میں شریک کروا کے وہ کشمیریوں کے مصائب کی رات کو مزید تاریک کروانے کے مرتکب تو نہیں ہونگے؟ تو انہوں نے کہا، کہ کشمیر کی خصوصی پوزیشن اور شناخت کے حوالے سے بھارت کی دونوں قومی جماعتوں کا موقف تقریباً ایک جیسا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ایک واقعہ سنایا، کہ مارچ 1986ء میں جب وہ ریاستی کانگریس کے سربراہ تھے اور انہوں نے اسوقت کے وزیر اعلیٰ غلام محمد شاہ کی حکومت سے حمایت واپس لی تھی، تو وزیر اعظم آنجہانی راجیو گاندھی کی خواہش تھی، کہ اگلے دو سال تک اب سرینگر میں کانگریس کو حکومت کا موقعہ ملنا چاہئے۔ حکومت سازی پر بات چیت کیلئے انکو دہلی بلایا گیا۔ وزیر اعظم ہاؤس میں ہوئی میٹنگ میں کانگریس کے قومی کارگزار صدر ارجن سنگھ بھی شامل تھے۔ راجیو گاندھی نے ارجن سنگھ کی طرف روئے سخن کرتے ہوئے پوچھا، کہ کانگریسی حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد کیا ترجیحات ہونی چاہئے؟ ارجن سنگھ نے جواب دیا، کہ پورا ملک جموں وکشمیر کے انڈین یونین میں مکمل انضمام کا خواہش مند ہے اور یہ عمل 1975ء کے بعد شیخ عبداللہ کے برسر اقتدار آنے کے بعد رک گیا تھا۔ ''اس عمل کو دوبارہ شروع کروانے اور منطقی انجام تک پہنچانے کی ضرورت ہے اور یہ ہماری حکومت کا سب سے بڑا کارنامہ ہوگا''۔ اسی دوران راجیو گاندھی نے اپنے پرائیوٹ سیکرٹری سے کہا، کہ گورنر ہاؤس اور مفتی سعید سے رابطہ رکھ کر انکی بطور کانگریسی وزیر اعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب کا تعین اس طرح کریں، تاکہ وہ بھی جموں جاکر تقریب میں شامل ہو سکیں۔ مفتی نے مزید کہا، وہ اس بات چیت سے وہ انتہائی دلبرداشتہ ہو گئے، اور واپس جموں پہنچ کر بقول انکے انہوں نے درپردہ خاموشی سے ایسی پیچیدگیاں پیدا کیں، کہ کانگریس کی حکومت سازی کا پلان چوپٹ ہو گیا۔ بعد میں ایک سال بعد راجیو۔ فاروق ایکارڈ کے نتیجے میں فاروق عبداللہ کی قیادت میں نیشنل کانفرنس اور کانگریس کی مشترکہ حکومت قائم ہوئی۔ مفتی سعید نے اعتراف کیا، کہ 1953ء سے 1975ء تک کشمیر کی انفرادیت اور شناخت کو بری طرح مسخ کیا گیا اور ایک طرح سے کشمیریوں کی عزت و آبرو کو تار تار کر کے برہنہ کیا گیا ہے۔ بھارت کے آئین کی دفعہ 370 کی موجودہ شکل میں تو اب صرف زیر جامہ بچا ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا، کہ مین اسٹریم یعنی بھارت نواز کشمیری پارٹیاں چاہے نیشنل کانفرنس ہو یا پی ڈی پی کا فرض ہے، کہ اس زیر جامہ کو بچا کر رکھے، جب تک مسئلہ کشمیر کے دائمی حل کی کوئی سبیل پیدا ہو۔ مگر یہ بات اب سرینگر میں زبان زد عام وخاص ہے کہ یہ وہ پی ڈی پی نہیں، جس نے 2003ء اور 2005ء کے درمیان دہلی کے روایتی کٹھ پتلی حکومت کے بجائے ایک پراعتماد اور کشمیری عوام کے مفادات اور ترجیحات کے ترجمان کے طور پر ایک نئی تاریخ رقم کی تھی۔ اس سے قبل اقتدار کی شدید ہوس نے کشمیر کی سب سے بڑی قوم پرست پارٹی نیشنل کانفرنس کو صرف بزدل بنا کر رکھ دیا تھا۔ یہی حال اب کچھ پی ڈی پی کا بھی ہے۔ فی الحال بدقسمتی سے اس جماعت کا یہ محور بنا ہوا ہے کہ اقتدار کی نیلم پری سے بوس و کنار کو کس طرح برقرار رکھا جائے۔

دفعہ 35اے دراصل بھارتی آئین کی دفعہ 370 کی ہی ایک توسیع اور توضیح ہے۔ معروف قانون دان اے جی نورانی کے بقول آرٹیکل 370 گو کہ ایک عبوری انتظام تھا کیونکہ بھارتی حکومت کی 60ء کی دہائی تک یہ پالیسی تھی کہ جموں وکشمیر کے مستقبل کا فیصلہ استصواب رائے سے کیا جائے گا۔ 1948ء میں جموں وکشمیر پر بھارتی حکومت نے ایک وائٹ پیپر جاری کیا تھا، جس میں سردار پٹیل کا یہ بیان موجود ہے: ''الحاق کو تسلیم کرتے ہوئے حکومت بھارت نے یہ واضح کردیا ہے کہ وہ اسے بالکل عارضی مانتی ہے جب تک کہ اس بارے میں ریاست کے لوگوں سے ان کی رائے نہیں معلوم کی جائے گی''۔ نورانی کے بقول جن سنگھ کے بانی شیاما پرساد مکھرجی نے، جن کا نام آرٹیکل 370 کی مخالفت کرتے وقت بی جے پی اچھالتی ہے نے اس کی مکمل حمایت کی تھی۔ بی جے پی اس وقت کے وزیر داخلہ سردار پٹیل کا نام بھی اس پروپیگنڈا کے لئے استعمال کرتی ہے کہ انہوں نے اس مسئلے پر پنڈت جواہر لعل نہرو کی مخالفت کی تھی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ پٹیل نے بھی آئین کی اس دفعہ کی مکمل تائید کی تھی۔ نورانی کا کہنا ہے کہ کشمیر واحد ریاست تھی جس نے الحاق کے لئے اپنی شرائط پر حکومت سے مذاکرات کئے تھے۔ وہ بھارت میں ضم نہیں ہوئی تھی بلکہ اس نے الحاق کیا تھا، اس لئے ان کے مطابق آرٹیکل 370 دونوں کے درمیان ایک مقدس معاہدہ ہے، جس کی کسی شق میں کوئی بھی فریق یکطرفہ ترمیم نہیں کرسکتا۔ نورانی اس بات کا تذکرہ کرتے ہیں کہ این گوپال سوامی نے 16 اکتوبر 1949ء کو اس سلسلے میں پہلی خلاف ورزی اس وقت کی جب انہوں نے یکطرفہ طور پر مسودے میں تبدیلی کے لیے پارلیمنٹ کی لابی میں حتمی شکل دی تھی۔ جیسے ہی شیخ عبداللہ اور مرزا افضل بیگ کو اس تبدیلی کا علم ہوا وہ دونوں ایوان کی طرف دوڑے لیکن تب تک یہ ترمیمی بل پاس ہو چکا تھا۔ بقول ان کے یہ ایک افسوسناک اعتماد شکنی کا معاملہ تھا جس نے بداعتمادی کو جنم دیا۔ اگر اصل مسودہ پاس کیا جاتا تو 1953ء میں شیخ عبداللہ کو اقتدار سے بے دخل کیا جانا ممکن نہ تھا۔ 1951ء میں کشمیر اسمبلی کے لئے جو انتخابات منعقد کئے گئے، ان سے بھارت کے جمہوری دعووں کی کشمیر میں قلعی اسی وقت کھل گئی تھی۔ انتخابی دھاندلیوں کے تمام ریکارڈ توڑ ڈالے گئے۔ تمام امیدوار 'بلا مقابلہ' 'منتخب' قرار پائے۔ یہ وہی اسمبلی تھی جس نے ریاست کا دستور وضع کیا اور الحاق کے دستاویز کی توثیق کی تھی۔ اس اسمبلی کے جواز پر سوال کھڑا کیا جا سکتا ہے کیونکہ پانچ فیصد سے بھی کم لوگوں نے اس کی تشکیل میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا تھا۔ یہ اسمبلی ریاست کی مستقبل اور اس کی حیثیت طے کرنے کے سلسلے میں دستور ساز اسمبلی کا درجہ رکھتی تھی۔ کشمیر کی اس آئین ساز اسمبلی کی حقیقت اور حیثیت کی قلعی خود اس وقت کے انٹیلی جنس سربراہ بی این ملک نے کھول دی۔ ان کے بقول ''ان امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کو مسترد کر دیا گیا، جو حزب مخالف کا کردار ادا کرنے کی اہلیت رکھتے تھے''۔ اس حقیقت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ الحاق کی دستاویز کی توثیق اور کشمیر کے آئین کی منظوری کو کوئی عوامی تائید حاصل نہیں تھی۔ بہر حال پچھلے 69 برسوں میں بھارتی حکومتوں نے آرٹیکل 370 کو اس بری طرح سے مسخ کر دیا کہ اس کا اصلی چہرہ اب نظر ہی نہیں آتا۔ کئی مواقع پر خود کشمیری لیڈروں نے اپنی عزت نفس کا خیال نہ کرتے ہوئے ان آئینی خلاف ورزیوں کے لئے راہ ہموار کی۔ اگر ایک طرح سے کہا جائے کہ آئین کی اس شق نے کشمیریوں کو سیاسی گرداب سے بچنے کے لئے جو کپڑے فراہم کئے تھے، وہ سب اتر چکے ہیں اور اب صرف دفعہ 35اے کی صورت میں ایک نیکر بچی ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ فرقہ پرست عناصر اب اسی نیکر کو اتارنے، کشمیریوں کی عزت نیلام کرنے اور ان کو اپنے ہی وطن میں اقلیت میں تبدیل کروانے کے لئے ایک گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں، جس کے لئے عدالتی نظام کا سہارا لیا جا رہا ہے۔ عدالت میں یہ معاملہ لے جا کر آر ایس ایس نے جموں و کشمیر کی آبادیاتی ساخت کی تبدیلی کی خاطر اپنے مکروہ عزائم واضح کر دیئے ہیں۔

کانگریس کے سابق ریاستی صدر اور سابق مرکزی وزیر سیف الدین سوز کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ کی طرف سے اس پٹیشن کو شنوائی کے لئے منظور کرنا ہی ان کے لئے باعث حیرت ہے۔ اٹانومی اور سیلف رول کے ایجنڈوں کے خواب دیکھنا دور کی بات ہے، فی الحال جس تیز رفتاری سے مودی سرکار اور اسکی ہم نوا ریاستی حکومت کشمیریوں کے تشخص اور انفرادیت کو پامال کرنے کے حوالے سے جنگ آزمائی کے راستے پر چل نکلی ہے اس کا توڑ کرنے میں نیشنل کانفرنس، پی ڈی پی کے باضمیر افراد اور حریت پسند جماعتوں کو باہمی تعاون کرنے کی کوئی سبیل نکالنی چاہئے۔

(مقالہ نگار جموں کشمیر کے معروف صحافی ہیں)

خون کا عطیه دیکر زندگی بچانا عبادت هے

کشمیر کے شبیر حسین خان نے 1980ء سے اب تك خون کے 155 پوائنٹ عطیه کئے

حسینی ؑ مشن کی بهترین آبیاری انسانیت کی خدمت کرنا هے

"میں خون کا عطیہ لوگوں کی جان بچانے اور اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے کرتا ہوں۔اسلام ہمیں کچھ اعمال کی تشہیر کرنے کی تاکید کرتا ہے تاکہ دوسرے متاثر ہوکربھی انجام دیں۔خون کے عطیہ کے وقت صرف "ریفرشمنٹ"بطور غذا ملتی ہے مگر اسکے باوجود بھی خون عطیہ کرنے میں ایک الگ ہی لطف و روح کو سکون میسر ہوتا ہے۔ایام عزاء کے دوران جوافراد اب بھی خونی ماتم انجام دیتے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنا قیمتی خون کسی بیمار کو عطیہ دیں کیونکہ ولی فقیہ حضرت امام خامنہ ای اور مراجع اعظام کے فتاوے کے مطابق خونی ماتم کو منع قرار دیا گیا ہے اور حسینیت کی بہترین خدمت یہی ہے۔انہوں نے مسلمانوں اور مومنین سے اپیل کی کہ ماہ محرم میں خون عطیہ کرنے کی تحریک کو مزید مضبوط اور عام کرنے کی ضرورت ہے۔"

وسیم رضا کشمیری

خون انسانی جسم کے لئے اتنا ہی ضروری ہے جتنی اس کے لئے آکسیجن۔جسم میں خون کا بہاؤ ہی زندگی کی علامت ہے۔یوں تو انسانی جسم کے بہت سے ایسے اعضاء ہیں جن کا انسان کسی دوسرے کو عطیہ دے سکتا ہے لیکن خون اپنا ایک الگ نایاب اور منفرد مقام رکھتا ہے۔خون کا عطیہ کرنا سب سے آسان عمل ہے بہ نسبت دوسرے اعضاء کے۔خون کا عطیہ دینے والے کے چند منٹ کسی کو پوری زندگی کا وقت دے سکتے ہیں کیونکہ خون ایک انسان کے لئے دنیا میں سب سے قیمتی چیز ہے۔تحقیق سے بھی یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ ہر انسان کے جسم میں دو یا تین بوتل اضافی خون کا ذخیرہ ہوتا ہے۔جیسا کہ آپ نے بھی اکثر دیکھا ہوگا کہ ایک آدمی ایک ہی وقت میں خون کی دو بوتلیں آسانی سے عطیہ دے پاتا ہے اور طبی لحاظ سے اس کی صحت پر کوئی منفی اثر بھی نہیں پڑتا۔بلکہ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ ہر انسان کو چند ماہ بعد خون دیتے رہنا چاہئے کیونکہ ایسا کرنے سے انسان کا نیا تازہ خون بنتا ہے۔اور اس وجہ سے وہ بہت سی بیماریوں سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

قومی و بین الاقوامی سطح پر خون کا عطیہ دینے والے سینکڑوں افراد موجود ہونگے ہی جنہوں نے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے اور ان کی عالمی سطح پر حوصلہ افزائی وشکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

ریاست جموں وکشمیر کے گرمایہ دارالحکومت سرینگر کے پائین شہر میں واقعہ کمانگر پورزڈی بل راجوری کدل سے تعلق رکھنے والے شبیر حسین خان گذشتہ 37 سال سے خون کا عطیہ کرتے آئے ہیں اور ماہ اگست 2017ء تک انہوں نے 155 سے زائد پوائنٹ خون کا عطیہ دیکر سینکڑوں افراد کی جان بچائی ہے۔شبیر حسین خان نے خون کا عطیہ سب سے پہلے سال 1980ء میں کیا جب انکی عمر صرف 13 سال تھی اور اب وہ وادی میں ایک منفرد مقام رکھتے ہیں اور "بلڈ مین" کے نام سے مشہور ہیں کیونکہ 1980 سے لیکر 2017 تک وہ 155 پوائنٹ خون کا عطیہ دینے والے بن چکے ہیں۔شبیر حسین نے کہا کہ "میں پچھلے 37 سالوں سے خون کا عطیہ کرتے آرہا ہوں اور کسی قسم کی کوئی کمزوری محسوس نہیں ہوتی جبکہ میں نے آج تک بلا لحاظ مسلک و مذہب لوگوں کی خدمت کرنے کی کوشش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ خون دینا عبادت ہے اور ہمیں اس عمل کو ایک تحریک کی شکل دینی چاہیے۔نئی دلی، تامل ناڈو، آندھرا پردیش اور جموں میں خون کا عطیہ دینے والے شبیر حسین نے 2004 میں بھارت کے سونامی زدہ علاقوں میں دو ماہ تک خون کے عطیہ کیلئے مہم چلائی اور لوگوں کی جان بچانے کیلئے خون جمع کیا تاہم وادی میں مختلف سرکاری تنظیموں کی طرف سے خون کا عطیہ کرنے والے چند رضا کاروں کے تئیں رویے سے شبیر اور دیگر رضا کار بہت نالاں ہیں۔شبیر حسین نے بتایا کہ میں خون کا عطیہ لوگوں کی جان بچانے اور اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے کرتا ہوں۔اسلام ہمیں کچھ اعمال کی تشہیر کرنے کی تاکید کرتا ہے تاکہ دوسرے متاثر ہوکر بھی انجام دیں۔شبیر حسین خان نے کہا کہ خون کے عطیہ کے وقت عالمی ریڈکراس تنظیم یا بلڈ بنکوں کی جانب سے صرف "ریفرشمنٹ" بطور غذا ملتی ہے مگر اسکے باوجود بھی خون عطیہ کرنے میں ایک الگ ہی لطف و روح کو سکون میسر ہوتا ہے۔کشمیر کے بلڈ مین نے کہا کہ ایام عزاء کے دوران جوافراد اب بھی خونی ماتم انجام دیتے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنا قیمتی خون کسی بیمار کو عطیہ دیں کیونکہ ولی فقیہ حضرت امام خامنہ ای اور مراجع اعظام کے فتاوے کے مطابق خونی ماتم کو منع قرار دیا گیا ہے اور حسینیت کی بہترین خدمت یہی ہے۔انہوں نے مسلمانوں اور مومنین سے اپیل کی کہ ماہ محرم میں خون عطیہ کرنے کی تحریک کو مزید مضبوط اور عام کرنے کی ضرورت ہے۔واضح رہے کہ سال 1998 میں TersaMother نے شبیر حسین خان کو کولکتہ دعوت دیکر انسانی جانوں کو بچانے کے انکے مقصد کی زبردست سراہنا کی تھی۔شبیر حسین نے آخر پر زور دیکر کہا کہ ہمیں سرکار کی نوکری یا مالی معاونت نہیں چاہئے بس اس ثقافت کو ہمیں عام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ انسانیت کے حقیقی پیغام غلبہ پا سکے۔

شہید محسن کا عظیم کارنامہ کہ سب کے دل جیت لئے

سلام علیکم علی بیٹا! جیتے رہو میرے پھول سے بیٹے، خوب پھلو پھولو میری جان! بس کچھ باتیں تم سے کہنی ہیں۔ مجھے معاف کر دینا کہ تمہیں چھوٹی سی عمر میں چھوڑ کر چلا گیا

تہران/ جوان شہید کو امام حسین علیہ السلام کی طرح تکفیری دہشتگردوں نے ذبح کر دیا گیا۔ شہید محسن حججی کی عمر 25 سال تھی اور وہ شہر اصفہان کے رہنے والے تھے۔ پیغمبر اسلام (ص) کی نواسی حضرت زینب بنت علی (س) کے دفاع اور تکفیریت کے خلاف شام میں جاری جنگ میں حصہ لینے کی خاطر انہوں نے شام کا سفر کیا۔ چند روز قبل وہ عراق اور شام کی سرحد کے قریب میدان جنگ میں داعشی دہشتگردوں کے ہاتھوں اسیر بنا لئے گئے اور اسیر ہونے کے بعد جلاد صفت تکفیری دہشتگردوں نے ان کا سر تن سے جدا کر دیا۔ ان کی والدہ نے جب انکی شہادت کی خبر سنی تو بولیں "میں نے اپنے بیٹے کو حضرت زینب سلام اللہ علیہا پر قربان کیا ہے"۔ شہادت کے بعد ان کی اہلیہ کا کہنا تھا: "محسن نے شام کا رخ اس لئے کیا کہ دنیا والوں کو بتائیں کہ اب بھی اللہ والے ہیں دنیا میں۔۔۔ وہ بتانا چاہتے تھے کہ رہبر انقلاب امام خامنہ ای تنہا نہیں ہیں۔۔۔ جوان پر آنسو بہانا چاہتا ہے وہ حضرت زینب سلام اللہ علیہا کی مظلومیت پر آنسو بہائے اور دعا کرے کہ خدا ہمیں بھی صبر و تحمل عطا فرمائے۔ شہید محسن حججی نے ایک دو سالہ بچہ اپنی یادگار کے طور پر چھوڑا ہے۔ یہ جوان شہید گزشتہ دنوں میں دنیا بھر میں سوشل میڈیا پر لاکھوں لوگوں کی توجہ کا مرکز بنے اور بڑی شخصیتوں سے لے کر عوام تک سبھی نے انکی جانفشانیوں کو سراہا۔ گزشتہ دنوں سے راہ حقیقت وولایت میں ذبح ہونے والے شہید محسن حججی نے میڈیا میں ایک ولولہ پیدا کر رکھا ہے۔ اس شہید کی عظمت کا اندازہ لگانے کے لئے ان کی وصیت ملاحظہ کرنا کافی ہے جو انہوں نے اپنے دو سالہ بیٹے کے نام کی ہے۔ (سلام علیکم علی بیٹا! جیتے رہو میرے پھول سے بیٹے، خوب پھلو پھولو میری جان! بس کچھ باتیں تم سے کہنی ہیں۔ مجھے معاف کر دینا کہ تمہیں چھوٹی سی عمر میں چھوڑ کر چلا گیا۔) اسلامی جمہوریہ ایران کی قدس بریگیڈ کے سربراہ میجر جنرل قاسم سلیمانی نے شہید محسن حججی کی دردناک شہادت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے اور کہا کہ شہید محسن حججی کا دہشت گرد تنظیم داعش نے قید کرنے کے بعد بہیمانہ اور سفاکانہ طور پر سر قلم کر دیا تھا۔ جنرل قاسم سلیمانی نے کہا کہ تکفیری دہشتگرد و شام اور عراق میں اب تک سیکڑوں سنیوں، شیعوں اور فرزندان توحید کے سر قلم کر چکے ہیں دہشت گرد اپنے سفاکانہ اور بہیمانہ اقدامات کے ذریعہ یزیدیت کو دوبارہ زندہ کرنے کی تلاش وکوشش کر رہے ہیں۔ ہماری جنگ صرف تکفیریت کیخلاف جنہوں نے اسلام کو بدنام کیا اور بے گناہ مسلمانوں وغیر مسلمانوں کا خون بہاتے ہیں۔

کشمیری عالم اور کالم نویس الطاف حسین ندوی کو قتل کی دھمکی، پولس سے رجوع

